2016年11月15日ジャング紙ラホール版1面

بھارتی جارحیت، 7 پاکستانی فوجی شہید

پاک فوج کی بھرپور جوابی کارروائی، متعدد بھارتی فوجی ہلاک، کئی چوکیاں تباہ، انڈین ہائی کمشنر کی طلبی، شدید احتجاج، جواب دینے کا انتباہ

بھارت مقبوضہ کشمیر سے توجہ ہٹانے کے لئے کشیدگی بڑھا رہا ہے، نواز شریف، ہر قیمت پر مادر وطن کا دفاع کریں گے، جنرل راحیل کو ایل او سی پر بریفنگ، شہداء کو خراج عقیدت، نماز جنازہ میں شرکت

خلاف ورزی بند کی جائے، دفتر خارجہ کا احتجاجی مراسلہ، شہداء میں حوالدار ظفر حسین، حوالدار ابرار احمد، لانس نائیک محمد شوکت، لانس نائیک محمد حلیم، سپاہی محمد الیاس، سپاہی پرویز اور سپاہی محمد تنویر شامل

اسلام آباد (وقائع نگار، اے پی پی، مانیٹرنگ سیل) لائن آف کنٹرول پر بھمبر سیکٹر پر بھارتی افواج کی جارحیت اور بلااشتعال فائرنگ سے 7 پاکستانی فوج کے جوان شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاک فوج نے بھارتی فائرنگ کا بھرپور جواب اور جوابی کارروائی کرتے ہوئے بھارتی چیک پوسٹوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں متعدد بھارتی فوجی ہلاک اور کئی بھارتی چوکیاں تباہ ہوگئیں۔ دریں اثناء پاک فوج کے سربراہ جنرل راحیل شریف نے بھارتی فوج کی بلا اشتعال فائرنگ سے شہید ہونے والے جوانوں کی جہلم میں نماز جنازہ میں شرکت کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل عاصم سلیم باجوہ کے ٹویٹ کے مطابق بھارتی بلا اشتعال فائرنگ سے شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ بعد ازاں آرمی چیف کو کنٹرول لائن کی تازہ ترین صورتحال کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر آرمی چیف جنرل راحیل شریف نے کہا کہ بھارتی جارحیت کا بھرپور انداز میں جواب دیا جائے گا۔ مادر وطن کا ہر قیمت پر دفاع اور تحفظ کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ لائن آف کنٹرول پر بھارتی فوج کی فائرنگ سے شہید ہونے والوں میں مری کے رہائشی اور چار بچوں کے باپ حوالدار ظفر حسین، مظفر آباد کے رہائشی ایک بیٹی کے باپ حوالدار ابرار احمد، حویلی کہوٹہ کے رہائشی اور ایک بیٹی کے باپ لانس نائیک محمد شوکت، لکی مروت کے رہائشی اور ایک بیٹی کے باپ لانس نائیک محمد حلیم، تلہ گنگ کے رہائشی اور 2 بچوں کے باپ سپاہی محمد الیاس، آٹھمقام کے رہائشی سپاہی پرویز، سماہنی آزاد کشمیر کے رہائشی سپاہی محمد تنویر شامل ہیں۔

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی، جنگ نیوز) وزیر اعظم نواز شریف نے کنٹرول لائن پر فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حکومت نوشتہ دیوار پڑھنے سے قاصر ہے، بھارتی اشتعال انگیزی اور کشیدگی بڑھانے کا مقصد کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کسی بھی جارحیت کی صورت میں وطن کے دفاع کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں، بھارتی فورسز کی ایل او سی پر مسلسل اشتعال انگیزی تشویشناک ہے۔ دوسری جانب پاکستان میں تعینات بھارتی ہائی کمشنر گوتم بمباوالا کو دفتر خارجہ طلب کرکے شدید احتجاج کیا گیا اور آئندہ بھرپور جواب دینے کا انتباہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق ہندوستانی ہائی کمشنر کو احتجاجی مراسلہ بھی دیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ بھارت جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی بند کرے، پاکستان کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کا حق رکھتا ہے۔